# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT, DELHI
# CHEPTERWISE QUESTIONS BANK
## CLASS – X
## SUBJECT: URDU A (CODE : 003 )

## Chapter بھولا

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | بھولا زیادہ شوق سے گیتا کیوں سنتا تھا؟ | MAIN | 2025 |
| | کیونکہ بھولا کہانیوں کا شوقین تھا اور گیتا کے ادھیائے کے آخر میں مہاتم سن کر وہ بہت خوش ہوتا تھا۔ | | |
| 2 | کہانی سنتے وقت بھولا خوش کیوں نہیں تھا؟ | MAIN | 2024 |
| | کیونکہ دادا جی نے کہا تھا کہ دوپہر کو کہانی سننے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔ | | |
| 3 | رات کے وقت بھولا کہاں گیا تھا؟ اس کے جانے کی وجہ بھی لکھیے۔ | COMPTT | 2024 |
| | جب بھولا کے ماما جی رات ہونے تک گھر نہیں آئے تو وہ آدگی رات کو گھر کی بتی لے کر سڑک پر چلا گیا۔ | | |
| 4 | بھولا کے گیتا کو شوق سے سننے کی کیا وجہ تھی؟ | MAIN | 2023 |
| | کیونکہ بھولا کہانیوں کا شوقین تھا اور گیتا کے ادھیائے کے آخر میں مہاتم سن کر وہ بہت خوش ہوتا تھا۔ | | |
| | | | |

## Chapter –نیا قانون

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | منگو کوچوان کی انگریزوں سے نفرت کی کیا وجوہات تھیں؟ | MAIN | 2024 |
| | اس کا کہنا تھا کہ وہ اسکے ہندوستان پر اپنا سکہ چلاتے تھے، طرح طرح کے ظلم ڈھاتے تھے، چھاؤنی کے گورے اسے بہت ستاتے تھے، ایک ذلیل کتے جیسا سلوک کرتے تھے۔ | | |
| | | | |

## Chapter سرسید کا بچپن

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | بچپن میں سرسید کون کون سے کھیل کھیلتے تھے؟ | MAIN | 2024 |
| | گیند بلا، کنڈی، گڑیاں، آنکھ مچولی، چیل چلو وغیرہ | | |
| 2 | سرسید کا بچپن کیسا تھا؟ | COMPTT | 2023 |
| | بچپن میں گھر پر پڑھا، مکتب میں گئے، کھیل کود میں خوب حصہ لیا۔ اپنے ہم عصر ماموں، دیگر قریبی رشتہ داروں کے لڑکوں کے ساتھ ایسے کھیل کھیلتے تھے جنھیں بزرگ دیکھتے رہتے تھے۔ | | |
| | | | |

## Chapter آزمائش-

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | یہ کس نے کہا کہ 'میرے پاس امان کا پروانہ ہے'؟ یہ کہنے کی وجہ بھی بتایئے۔ | MAIN | 2025 |
| | رام سہائے مل نے کہا کہ میرے پاس امان کا پروانہ ہے تاکہ سپاہی گھر کی تلاشی نہ لیں۔ | | |
| 2 | سلمیٰ اور کشن کنور کی مشکیں کسنے کا کیا سبب تھا؟ | MAIN | 2024 |
| | تاکہ کوئی ان کو پہچان کر انگریز سپاہیوں کو نہ دے دیں مشکیں کسنے سے کوئی انھیں نہیں پہچانے گا۔ | | |
| 3 | رام سہائے اور بھاگ وتی کے خیالات میں کیا فرق تھا؟ | COMPTT | 2023 |
| | رام سہائے ایک ڈرپوک اور فطرتاً کمزور دل ہے۔ اسے اپنی جان کی فکر میں رہتا ہے۔ جبکہ بھاگ وتی ایک جذباتی عورت ہے، دوسروں کی مدد کرنا بھلائی سمجھتی ہے۔ خود کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔ | | |
| | | | |

## Chapter-عورتوں کے حقوق

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | اسلام نے عورتوں کو کیا اختیارات دیے ہیں؟ | COMPTT | 2023 |
| | اسلام نے مردون کے برابر حقوق اور اختیارات دیئے ہیں، کوئی مرد کسی عورتسے زبردستی شادی نہیں کر سکتا، جو جائداد ملے اسکی وہ خود مالک ہے، اپنے مال سے جائداد خرید و فروخت کر سکتی ہے، وغیرہ | | |
| | | | |

## Chapter-مخلوط زبان

| | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | مضمون 'مخلوط زبان' میں اردو زبان کی کیا خوبیاں بتائی گئیں ہیں؟ | MAIN | 2025 |
| | ایک خصوصیت اس کا مخلوط ہونا ہے، اس میں ہندی فارسی کے الفاظ، عام بول چال، محاوروں اور کہاوتوں، آسان مرکب الفاظ بنانے کی بھی ہے ہندو اور مسلمان دونوں نے اپنی اپنی زبان کی کتر بیونت کی اپنی مخصوص خصوصیات ترک کیں اور اس قربانی کے بعد جو زبان بنی وہ ہندوستان کی مشترک اور عام زبان ہونے کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ | | |
| 2 | مخلوط زبان کا کیا مطلب ہے؟ | MAIN | 2024 |
| | جس میں مختلف زبانوں کے الفاظ شامل ہوں۔ | | |
| 3 | زبان میں بدیسی الفاظ داخل ہونے کے کیا فائدے ہوتے ہیں؟ وضاحت سے تحریر کیجیے۔ | COMPTT | 2024 |
| | بدیسی الفاظ کے شامل ہونے سے زبان میں آسانی اور وسعت پیدا ہو جاتی ہے مترادف الفاظ کا کثرت سے ہونا بہت کام آتا ہے۔ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4 | مضمون 'مخلوط زبان' کی روشنی میں اردو زبان کی خصوصیات بتائیے۔ | MAIN | 2023 |
| | ایک خصوصیت اس کا مخلوط ہونا ہے،اس میں ہندی فارسی کے الفاظ،عام بول چال، محاوروں اور کہاوتوں ،آسان مرکب الفاظ بنانے کی بھی ہے ہندو اور مسلمان دونوں نے اپنی اپنی زبان کی کتر بیونت کی اپنی مخصوص خصوصیات ترک کیں اور اس قربانی کے بعد جو زبان بنی وہ ہندوستان کی مشترک اور عام زبان ہونے کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ | | |
| 5 | مخلوط زبان کسے کہتے ہیں؟ | COMPTT | 2023 |
| | جس میں مختلف زبانوں کے الفاظ شامل ہوں۔ | | |
| | | | |

## ماحول بچایئے-Chapter

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | قدرتی وسائل پر صنعتی انقلاب نے کیا اثرات چھوڑے ہیں؟ | MAIN | 2025 |
| | انسان نے مشینوں سے کام لینا شروع کیا، مشینوں سے پیداوار میں زبردست اضافہ ہوا تو خام مال کی مانگ بڑھا دی، کاغذ کیلئے جنگلات کاٹے گئے، دھاتوں کے لیے کان کنی اس قدر ہوئی کہ زمین کھوکھلی ہو گئی نتیجہ یہ نکلا کہ قدرتی توازن بگڑ گیا۔ | | |
| 2 | مضمون 'ماحول بچایئے' کے مصنف نے ماحول بچانے کے کیا طریقے بتائے ہیں؟ | COMPTT | 2024 |
| | کارخانوں اور گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں اور گیسوں سے فضا کو آلودہ نہ ہونے دیں، فیکٹریوں اور کارخانوں کے فضلہ سے پانی اور زمین کو خراب نہ ہونے دیں، جنگلات کی حفاظت کریں، درخت لگائیں۔ | | |
| | | | |

## غزل(سوداؔ، ذوقؔ، شادؔ عظیم آبادی، فانیؔ، اصغرؔ گونڈوی، یاسؔ یگانہ چنگیزی)-Chapter

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN / COMPTT- | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | سوداؔ کے اس مصرعے کا مطلب لکھیے: 'نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزرے ہے' | MAIN | 2025 |
| | موسم بہار کی ٹھنڈی ہوا اس لیے چھاتی کے پار گزرتی ہوئی محسوس ہوتی ہے کہ اس کے پاس بہار سے لطف اندوز ہونے کا سامان نہیں اگر محبوب پاس ہوتا تو یہی تیر سی لگنے والی ہوا خوشگوار ثابت ہوتی۔ | | |
| 2 | دریائے محبت نے خاموش کھڑے شاعر سے کیا کہا؟ | MAIN | 2025 |
| | دریائے محبت کا کہنا ہے کہ میں اس قدر گہرا نہیں ہوں کہ تم پار نہ کر سکو، اس دریا میں اتنا کم پانی ہے کہ تم با آسانی چل کر اس پار پہنچ جاؤ گے۔ دوسرے عاشقوں کو حیرت و حسرت سے نہ دیکھو خود دریائے محبت میں اترو۔ | | |
| 3 | ذوقؔ کے اس شعر کا مطلب لکھیے۔ لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے | MAIN | 2024 |
| | انسان کتنا مجبور ہے کہ جب زندگی ہمیں اس دنیا میں لائی تو آ گئے اور جب موت ہمیں لینے آئی تو چلے گئے۔ اس شعر میں صنعت تضاد ہے۔ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4 | شادؔ عظیم آبادی کی غزل میں 'نایاب ہیں ہم' کا کیا مطلب ہے؟ | MAIN | 2024 |
| | نایاب کے لغوی معنی ایسے شے جسے پانا آسان نہ ہو، یہاں نایاب ہیں ہم سے شاعر کی اپنی ذات مراد ہے۔ | | |
| 5 | شادؔ عظیم آبادی کے اس شعر کی وضاحت کرتے ہوئے 'نایاب' اور 'کم یاب' کا فرق بتائیے۔<br><br>لاکھوں میں مسافر چلتے ہیں منزل پہ پہنچتے ہیں دو اک اے اہل زمانہ قدر کرو نایاب نہیں کم یاب ہیں | COMPTT | 2024 |
| | یہ شعر بھی شاد نے اپنے لیے کہا ہے کہ زمانے کو ہم جیسے لوگوں کی قدر کرنی چاہیے۔ ہم ابھی نایاب نہیں ہوئے البتہ کمیاب ہیں یعنی ہم جیسے لوگ عام طور پر نہیں ملتے اور جو شے آسانی سے دستیاب نہیں ہوتی اسے کمیاب کہا جاتا ہے اور جس شے کو پانا ممکن نہ ہو وہ نایاب ہے جیسے انسان مر جائے تو وہ نایاب ہو جاتا ہے ہم اس شخص کو دوبارہ حاصل نہیں کر سکتے۔ | | |
| 6 | 'نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزرے ہے' اس مصرعے کا کیا مطلب ہے؟ | MAIN | 2023 |
| | موسم بہار کی ٹھنڈی ہوا اس لیے چھاتی کے پار گزرتی ہوئی محسوس ہوتی ہے کہ اس کے پاس بہار سے لطف اندوز ہونے کا سامان نہیں اگر محبوب پاس ہوتا تو یہی تیر سی لگنے والی ہوا خوشگوار ثابت ہوتی۔ | | |
| 7 | حضرت خضر کس لیے مشہور ہیں؟ | MAIN | 2023 |
| | بھٹکوں کو راستہ دکھانے کے لیے۔ | | |
| 8 | قطعہ بند اشعار کسے کہتے ہیں؟ سوداؔ کی غزل کی روشنی میں جواب لکھیے۔ | COMPTT | 2023 |
| | جب شاعر غزل کے کسی شعر کے دو مصرعوں میں اپنی بات مکمل کرنے سے قاصر رہتا ہے تو وہ اسے چار یا اس سے زیادہ مصرعوں میں پھیلا کر بیان کرتا ہے ایسے اشعار کو قطعہ بند کہتے ہیں۔ | | |
| 9 | شادؔ عظیم آبادی نے اپنی غزل میں 'نایاب ہیں ہم' کیوں کہا ہے؟ | COMPTT | 2023 |
| | لفظ نایاب کے لغوی معنی ہیں ایسی شے جسے پانا آسان نہ ہو۔ یہاں شاعر کی اپنی ذات مراد ہے۔ | | |

## Chapter-جلوہ دربار دہلی

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | نظم جلوہ دربار دہلی میں 'میرا حصہ دور کا جلوہ' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ | MAIN | 2025 |
| | چونکہ میں شاعر نے دور سے نظارہ کیا، وہ قریب سے دربار دہلی کا مشاہدہ نہ کر سکا۔ | | |
| 2 | نظم 'جلوہ دربار دہلی' میں شاعر نے 'خیموں کا جنگل' کہہ کر کون سا منظر بیان کیا ہے؟ | COMPTT<br>MAIN | 2024<br>2023 |
| | جنگل میں چونکہ بے شمار درخت ہوتے ہیں، بکثرت خیمے دیکھ کر شاعر کو جنگل کا خیال آیا۔ | | |
| 3 | دہلی دربار کس موقع پر کیا گیا تھا؟ | COMPTT | 2023 |
| | وائسرائے کی آمد پر 1903 میں دہلی میں دربار کیا گیا۔ | | |

## Chapter-گرمی اور دیہاتی بازار

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | گرمی میں دیہاتی بازار کا منظر بیان کیجیے۔ | MAIN | 2025 |
| 2 | نظم 'گرمی اور دیہاتی بازار' میں شاعر نے کس طرح کی منظر کشی کی ہے؟ | MAIN | 2024 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3 | نظم 'گرمی اور دیہاتی بازار' میں دیہاتی بازار کا کیسا منظر پیش کیا گیا ہے؟ | COMPTT | 2023 |
| | جوش دوپہر کے وقت سے بات شروع کرتے ہیں اور پھر بازار، دکان، راستے، لوگوں کی آمد و رفت، خرید و روخت، جانوروں کی حالت، پھل سبزیاں۔ اناج کا ذکر کرتے ہوئے لو کے جھکڑوں اور کھانستے ہوئے بوڑھوں کی چلموں کا دھواں، افلاس زدہ عورتوں کے بچوں کی حالت، سڑک، بازار، کوٹھے، مکان، در و دیوار اور ان پر سخت موسم کے اثرات کا ذکر کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ اس شدید گرمی میں دوست بھی اجنبی بن گئے ہیں، سب دھوُاور لو سے بچنے کی فکر میں ایک دوسرے سے بات نہیں کرنا چاہتے آسمان پر بادلوں کے ٹکڑے ادھر سے ادھر دوڑتے پھر رہے ہیں۔ گرمی نے لوگوں میں چڑچڑاپن پیدا کر دیا ہے۔ | | |

## Chapter-او دیس سے آنے والے بتا

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' کے شاعر نے وطن سے آنے والے شخص سے کئی سوال کیے ہیں۔ ان میں سے کوئی دو سوال بتایئے۔ | MAIN | 2024 |
| | 1۔ میرے وطن کا کیا حال ہے۔ 2۔ کیا اب بھی وہاں باغوں میں مستانہ ہوائیں چلتی ہیں وغیرہ | | |
| 2 | نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' میں 'آوارۂ غربت' اور 'کنعان وطن' کا کیا مطلب ہے؟ | COMPTT | 2024 |
| | شاعر نے اس بند میں حضرت یوسف کی تلمیح سے کام لیا ہے۔ آوارہ غربت سے مراد پردیس میں بھٹکنے والا، شاعر خود کو آوارہ غربت قرار دے کر اپنے وطن کو کنعان کہتا ہے۔ چونکہ حضرت یوسف کو مصر میں رہ کر ہر وقت کنعان کا خیال رہتا تھا، اس لیے شاعر کو بھی پردیس میں اپنے وطن کا خیال ستا رہا ہے۔ | | |
| 3 | نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' میں کنعان وطن سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ | MAIN | 2023 |
| | حضرت یوسف کو مصر میں رہ کر ہر وقت کنعان کا خیال رہتا تھا، اس لیے شاعر کو بھی پردیس میں اپنے وطن کا خیال ستا رہا ہے۔ | | |

# گلزار اُردو

## Chapter –(گلی ڈنڈا)

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | پریم چند کی افسانہ نگاری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ | MAIN | 2024 |
| | پریم چند کے افسانہ اور ناول اردو ادب کا قیمتی سرمایہ ہیں انھوں نے ادب کو مقامی زندگی خاص طور پر دیہاتوں کے مسائل کا ترجمان بنا دیا۔ پریم چند کی حقیقت نگاری زندگی کے تجربات و مشاہدات کا نتیجہ ہے۔ اان کے افسانے قومی، سیاسی اور سماجی رجحانات کے آئینہ دار ہیں۔ | | |
| 2 | ضلع انجینیر نے گل ڈنڈے کے کھیل میں گیا کے داؤں سے بچنے کے لیے کون کون سی چالیں چلی؟ | COMPTT. | 2024 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ضلع انجینیر بے ایمانی کرنے لگا داؤں پورا ہونے پر بھی ڈنڈا کھیلے جاتا۔ ساری باقاعدگیوں سے کام لے کر ضلع انجینیئر ڈنڈا کھیلتا رہا۔ | | |
| 3 | افسانہ 'گلی ڈنڈا' کے مرکزی کردار اور مصنف کا نام بتایئے۔ | MAIN | 2023 |
| | مرکزی کردار۔ گیا، ضلع انجینیئر، ڈپٹی صاحب، اور مصنف کا نام پریم چند۔ | | |
| 4 | پریم چند نے گلی ڈنڈا کو کھیلوں کا راجا کیوں کہا ہے ؟ | COMPT | 2023 |
| | اس کھیل میں کسی لان، نٹ بلے کی ضرورت نہیں، درخت کی شاخ کاٹ کر گلی بلا بنا لیتے ہیں، بغیر کوئی پیسہ خرچ کیے اسے کھیل سکتے ہیں۔ | | |

## Chapter – فقیر

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| 1 | پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا اور مصنف کو اس پر رحم کیوں آیا؟ | MAIN | 2025 |
| | فاقہ زدہ، ضعیف العمر، کپڑوں میں چیتھڑے لگے ہوئے، شکل سے ہی بے بسی اور بے کسی کی تصویر نظر آرہا تھا۔ | | |
| 2 | افسانہ 'فقیر' کی روشنی میں بتایئے کہ مصنف کو فقیروں کی کون سی باتیں ناپسندیدہ ہیں؟ | MAIN | 2023 |
| | فقیر ہٹے کٹے ہوتے تھے اور مصنف کے مقابلے میں ان کی صحت دوگنا تھی۔ انھیں بھیک مانگنے کے بجائے کوئی نوکری کرنا چاہیئے۔ | | |
| 3 | افسانہ 'فقیر' میں پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا؟ | COMPTT | 2023 |
| | فاقہ زدہ، ضعیف العمر، کپڑوں میں چیتھڑے لگے ہوئے، شکل سے ہی بے بسی اور بے کسی کی تصویر نظر آرہا تھا۔ | | |

## Chapter ۔آئی۔ سی۔ ایس۔

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| | | | |
| 1 | 'آئی۔ سی۔ ایس۔' بننے کے بعد وحید میں آنے والی تبدیلی بیان کیجیے۔ | MAIN | 2024 |
| | انگلستان سے تعلیم و تجربہ حاصل کر کے اور شادی کے بعد وہ اپنے غریب اور دیہاتی والدین اور دیگر عزیزوں سے کتراتا تھا۔ | | |
| 2 | افسانہ ''آئی۔ سی۔ ایس۔' کے مرکزی کردار اور مصنف کا نام بتایئے۔ | COMPTT | 2023 |
| | مرکزی کردار۔ وحید، جہاں آرا بیگم، حمید، اسکے والدین اور مصنف کا نام۔ علی عبّاس حسینی۔ | | |

## Chapter- دو فرلانگ لمبی سڑک

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| | | | |
| 1 | افسانہ 'دو فرلانگ لمبی سڑک' میں گورے نے کس وجہ سے تانگے والے کو مارا؟ | MAIN | 2025 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | تانگہ والے کے آٹھ آنے کرایہ مانگنے اور انگریز کے چھ آنے کہنے پر اسے منع کر دینے پر تانگے والے کو مارا۔ | | |
| 2 | افسانہ 'دو فرلانگ لمبی سڑک' میں بڑے آدمی کے استقبال کا کیا منظر بیان کیا گیا ہے؟ | MAIN | 2024 |
| | سرخ حلوان بچھایا گیا ہے، جھنڈیاں لگی ہیں، اسکول کے چھوٹے چھوٹے بچے نیل پگڑیاں باندھے ڈیڑھ گھنٹے سے قطاروں میں کھڑے ہیں۔ دھوپ کی شدت، گرمی، پیاس سے نڈھال ہو رہے ہیں۔ سڑک پر خاموشی چھائی ہوئی ہے۔ | | |

## Chapter-ان دیوتا

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| | | | |
| 1 | افسانہ 'ان دیوتا' میں مصنف نے کال کا ذمہ دار کسے بتایا اور اس کی وجہ کیا بتائی ہے؟ | MAIN | 2024 |
| | آبادی کو۔ کال کے ذریعے سرمایہ داروں اور غریبوں کی زندگی میں جو تضاد ہے اسے کہانی کے کرداروں کے ذریعہ واضح کیا ہے۔ | | |
| 2 | افسانہ 'ان دیوتا' میں چنتو کے ان دیوتا سے ناراض ہونے کی کیا وجہ تھی؟ | COMPTT | 2024 |
| | چنتو ایک غریب گونڈ تھا جس کو پیٹ بھر روٹی نہیں ملتی تھی۔ چنتو جب دیکھتا کہ امیروں کے پاس کھانے پینے کے لیے بہت کچھ ہے تو وہ غصہ میں کہتا کہ دیوتا اب دھنوانوں کا ہو گیا ہے۔ نردھن کی اسے اب کیا پڑی۔ | | |
| 3 | ان دیوتا کو برہما نے کیا سندیس بھیجا تھا؟ | MAIN | 2023 |
| | ان دیوتا برہما کے پاس رہتا تھا، برہما نے کہا کہ او بھلے دیوتا دھرتی پر کیوں چلا جاتا۔ وہ دھرتی پر پہنچ گیا وہ بہت اونچا تھا برہما نے اسے چھوٹا ہونے کے لیے کہا، چھوٹا ہوتے ہوتے وہ آدمی کی کمر تک رہ گیا یعنی آدمی کی کمر تک فصلیں اگنے لگیں۔ | | |

## Chapter-سلطان

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| | | | |
| 1 | سلطان نے بابو جی سے کیا درخواست کی اور کیوں؟ | MAIN | 2025 |
| | سر پر ہاتھ رکھ کر تھوڑی دور چلنے کی درخواست کی۔ سڑک پر چلتے ہوئے اسے دادا کے ہاتھ کی کمی محسوس ہو رہی تھی۔ اس لیے اس نے سر پر ہاتھ رکھ کر تھوڑی دور چلنے کی درخواست کی۔ | | |

## گدڑی کا لال۔ نور خان/ جگر صاحب-Chapter

| S.NO. | < 2 > MARK QUESTIONS | MAIN /COMPTT. | Year |
|---|---|---|---|
| نوٹ: یہ جوابات اشارے کے طور پر دیئے گئے ہیں طلبا اپنی صلاحیت کی بنیاد پر مکمل جوابات لکھیں گے۔ | | | |
| | | | |
| 1 | نور خان نے کمانڈر آفیسر کی شکایت کیوں کی؟ اس شکایت کا کیا اثر ہوا؟ | MAIN | 2025 |
| | کمانڈنگ آفسر نے کسی بات پر خفا ہو کر انھیں ڈیم کہہ دیا۔ یہ گالی تھی۔ خاں صاحب نے اس بات کی | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | رپورٹ کردی۔ کمانڈنگ افسر کا کورٹ مارشل ہوا۔ مجبوراً اسے معافی مانگنی پڑی۔ | | |
| **2** | مولوی عبدالحق نے نور خان کو گدڑی کا لال کیوں بتایا ہے؟ | **MAIN,<br>COMPTT** | **2024<br>2023** |
| | وہ انتہائی ایماندار، شریف، فرض شناس، خوش اخلاق، محنتی اور مہمان نواز، سچی بات کہنے میں کبھی چوکتے نہیں تھے، ان خصوصیات کی بنا پر ان کو گدڑی کا لال کہا گیا۔ | | |
| | | | |
| **3** | خاکہ 'جگر صاحب' میں مصنف نے لکھنؤ کی سرزمین کے بارے میں کیا بتایا ہے؟ | **COMPTT** | **2024** |
| | وہاں آپ کو قدم قدم پر شاعر ملیں گے۔ بعض دانشوروں کا خیال ہے کہ وہاں سب سوتے جاگتے میں شعر کہتے ہیں اور شعر ہی سنتے ہیں۔ | | |
| **4** | محمد طفیل اور جگر صاحب کی پہلی ملاقات کس طرح ہوئی؟ | **MAIN** | **2023** |
| | ان کی پہلی ملاقات لکھنؤ میں ہوئی تھی۔ جب وہ گرمی کے موسم میں ایک دوپہر کو شوکت تھانوی کے گھر پر سو رہے تھے۔ جگر صاحب اپنی اشعار ترنم سے پڑھ رہے تھے۔ خاکہ نگار نے بیدار ہوتے ہوئے شوکت تھانوی سے ان کے متعلق پوچھا تو خاکہ نگار نے خود آگے بڑھ کر اپنا تعارف کرایا کی میرا نام محمد طفیل ہے۔ | | |